فوری ریلیز کے لیے: 2023/19/11 **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے عوام کی صحت کی حفاظت اور افیون کی لت سے چھٹکارا پانے کے لیے قانون سازی پر دستخط کر دیے

S.2099C/A.5200B میتھیو کے قانون کو نافذ کرتا ہے جو منشیات کی ٹیسٹنگ کرنے والی اشیاء کو صحت کی دیکھ بھال کرنے والے پیشہ ور افراد یا فارماسسٹس کے ذریعے سب میں تقسیم کرنے کی استعداد دے گا

گورنر Kathy Hochul نے اس قانون سازی پر دستخط کر دیئے ہیں جسکے ذریعے افیون کی لت اور منشیات کی حد سے زیادہ مقدار استعمال کرنے کی منحوس وبا سے نمٹنے کے لیے جارحانہ اقدامات جاری رکھنے کی اجازت مل گئی ہے۔ میتھیو کا قانون، یا S.2099C/A.5200B، عوام کی فینٹینائل کی ٹیسٹنگ سپلائیز تک رسائی میں اضافہ کرتا ہے، جو کہ ایسا وسیلہ ہے جس سے حادثاتی طور پر منشیات کی زیادہ مقدار استعمال کرنے کے امکانات کم ہو جاتے ہیں۔

"ہماری پوری ریاست میں متعدد خاندان اوپیئڈ اور اوور ڈوز کی وبا کے بہت تکلیف دہ المیے سے گزرے ہیں – یہ ایسا درد ہے جو کسی کو بھی سہنا نہیں چاہیے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "بہت طویل عرصے سے، فارمیسیاں اور صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والی دیگر مقامی تنظیمیں زیادہ مقدار میں منشیات استعمال کرنے کے نتیجے میں ہونے والی اموات روکنے کے لیے ثابت شدہ وسائل فراہم کرنے کے لیے جدوجہد کر رہی ہیں۔ جانچ کی توسیع میں ہماری تاریخی سرمایہ کاریوں کے ذریعے اور اس قانون سازی کے ساتھ، ہم یہ امر یقینی بنانے کے لیے کام کر رہے ہیں کہ نیویارک کے ہر شہری کو زندگی بچانے والی ٹیسٹنگ کٹس تک رسائی حاصل ہو۔"

ریاست نیویارک کے کئی بڑے حصوں میں فینٹینیل ٹیسٹنگ سٹرپس تک رسائی حاصل کرنا کافی مشکل تھا۔ میتھیو کا قانون ٹیسٹ سٹرپس تک رسائی فراہم کرنے کے لیے ریاست کی جاری کوششوں میں وسعت لا رہا ہے۔ ریاست نیویارک کا محکمہ صحت اورریاست نیو یارک کا نشے سے متعلق خدمات اور معاونتوں کا دفتر (OASAS) فینٹانل (fentanyl) اور زائلازین (xylazine) کی ٹیسٹ سٹرپس اور انکے علاوہ نیلاکزون (naloxone) حاصل کرنے اور تقسیم کرنے والے اقدامات کے لیے بھی فراہم کنندگان کو فنڈ دے رہا ہے۔

اسسال کی ابتدا میں OASAS نے افراد اور فراہم کنندگان کے لیے ایک نیا آرڈرنگ سسٹم شروع کیا، جسکے نتیجے میں 2 ملین فینٹانیل ٹیسٹ سٹرپس، 1.4 ملین زائلازین ٹیسٹ سٹرپس، اور نیلاکزون کی 70,000 کٹس کا آرڈر دیا گیا ہے۔ مزید 873,000 فینٹانیل ٹیسٹ سٹرپس، 340,000 زائلازین ٹیسٹ سٹرپس اور 387,492 نیلاکزون یونٹس جنوری سے ستمبر 2023 تک ریاستی محکمہ صحت کے فنڈ کردہ کمیونٹی پر مبنی پروگراموں کے ذریعے تقسیم کیے گئے ہیں۔

میتھیو کا قانون مقامی فارمیسیوں اور صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والوں کو نیویارک کے تمام باشندوں کے لئے یہ زندگی بچانے والا وسیلہ فراہم کرنے کی اجازت دے کر اس کاوش کو مزید مہمیز دے رہا ہے۔ اس قانون کا نام Matthew Horan کی یاد میں رکھا گیا ہے، جو نومبر 2020 میں حادثاتی طور پر فینٹانل کی زیادہ مقدار لینے سے انتقال کر گئے تھے۔

ریاست نیو یارک کے نشے سے متعلق خدمات اور معاونتوں کے دفتر کی کمشنر ڈاکٹر Chinazo Cunningham نے کہا، "ہم نشے کی زیادہ مقدار لینے کے بدترین بحران کے عین درمیان میں ہیں اور ٹیسٹ سٹرپس جیسے وسائل کی دستیابی اور استعمال کو وسعت دینا نیو یارک ریاست میں اوور ڈوز سے ہونے والی اموات کو روکنے کے لیے کی جانے والی کوششوں کے لیے بہت ضروری ہے۔ یہ ادویات زندگی بچانے والی ہیں، اور ہمیں اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھنے کی ضرورت ہے کہ ہم انہیں ان لوگوں کے ہاتھوں تک پہنچا دیں جنہیں ان کی ضرورت ہے تاکہ وہ زیادہ مقدار میں استعمال کے خطرے کو کم سے کم کر سکیں۔"

ریاستِ نیو یارک کے محکمہ صحت کے کمشنر Dr. James McDonald نے کہا کہ، "نشے کی زیادہ مقدار کے استعمال کی وبا نے نیویارک کے بہت سے لوگوں اور ان کے چاہنے والوں پر تباہ کن اثرات مرتب کیے ہیں، لیکن مجھے یہ دیکھ کر حوصلہ ملا ہے کہ منشیات کی ٹسیٹنگ کرنے والی اشیاء اب عوام کے لیے زیادہ قابل رسائی ہوں گی، اور نیلاکزون جیسے دیگر دستیاب ٹولز کے ذریعے ہزاروں جانیں بچ سکتی ہیں۔ میں Matthew Horan کے خاندان کا اس قانون کی وکالت کرنے اور حادثاتی طور پر زیادہ مقدار میں آنے والی لایعنی موت اور المیے کو ختم کرنے کے لیے گورنر Hochul کے غیر متزلزل عزم کے لیے انکا شکر گزار ہوں۔"

ریاستی سینیٹر Pete Harckham نے کہا، "نشے کے زیادہ مقدار میں استعمال کے زیادہ سے زیادہ واقعات کو انکے ہونے سے قبل ہی روکنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ ہم یقینی بنائیں کہ فینٹانل اور دیگر آمیزشات کے لیے ٹیسٹنگ کٹس وسیع پیمانے پر دستیاب ہوں۔ گورنر Hochul کے اس بل کو قانون کا حصہ بنانے کے لیے دستخط کرنے کی بدولت، اب ایک اچھی ابتدا کے طور پر یہ زندگی بچانے والے ٹولز نیویارک کی ہر فارمیسی میں سٹاک کیے جائیں گے۔ میں Kailey Horan کا شکر گزار ہوں، جن کا بھائی Matthew ان بہت سے افراد میں سے ایک ہے جنہیں ہم نے فینٹانل اور اس نئے قانون کے ہم نام کی وجہ سے کھو دیا ہے، کہ انہوں نے مجھے اسے متعارف کروانے کی ترغیب دی۔"

رکنِ اسمبلی John T. McDonald III, RPh نے کہا، "منشیات کی زیادہ مقدار کے استعمال سے ہونے والی اموات میں اضافہ صحت عامہ کا ایسا بڑا بحران ہے جس کے تدارک کے لئے فوری کارروائی کرنے اور نئی حکمت عملیاں بنانے کی ضرورت ہے۔ یہ قانون سازی غیر قانونی منشیات کی منڈی میں فینٹانل جیسے متبادل نشوں کی بڑھتی ہوئی دستیابی کی نشاندہی کرنے والے ٹولز فراہم کرکے قیمتی جانیں بچانے میں مدد کر سکتی ہے۔ اوپیئڈ اور اوور ڈوز کا بحران خطرناک اور غیر متوقع طریقوں سے بڑھتا ہی چلا جا رہا ہے، اور ہمیں اپنی کمیونٹیز میں زیادہ سے زیادہ اموات کو روکنے کے لیے انہیں ٹولز فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے۔ میں اس عوامی صحت کے اس بحران میں نیو یارک باسیوں کی مدد کرنے کے گورنر Hochul کے عزم کے لئے انکا شکریہ ادا کرتا ہوں۔"

مئی کے مہینے میں، ریاست کے محکمہ صحت کے دفتر برائے ڈرگ یوزرز ہیلتھ (Office of Drug User Health) نے منشیات کی جانچ کے چار پروگراموں کے نفاذ کی نگرانی کی جنہیں ریاست کی مالی اعانت سے چلنے والے Drug User Health Hubs آپریٹ کرتے ہیں۔ دیکھ بھال سے متعلقہ یہ اقدام لوگوں کو ان کے نشہ آور مواد کے بارے میں معلومات فراہم کر رہا ہے۔ نتائج ایسے مشوروں اور رہنمائی کے ساتھ پیش کیے جاتے ہیں کہ منشیات کو زیادہ محفوظ طریقے سے کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس پروگرام کے پہلے چھ مہینوں میں مبینہ ہیروئن کے 98 فیصد نمونوں میں فینٹانل پائی گئی جبکہ 53 فیصد میں زائلازین شامل تھی۔ یہ ٹیسٹنگ پروگرام نئی نشہ آور اشیاء کا غیر قانونی مارکیٹ میں داخل ہوتے ہی سراغ لگائے گا اور عوام الناس کو ان اشیاء میں موجود غیر متوقع مادوں کے بارے میں خبردار کرے گا۔

OASAS کے ساتھ باہم شراکت میں، ریاستِ نیویارک مسلسل جاری ورچوئل نیلوکزون تربیتیں پیش کر رہی ہے جو لوگوں کو یہ سکھاتی ہیں کہ اوور ڈوز کی علامات کو کیسے پہچاننا ہے اور اسکے اثر کو ختم کرنے کے لیے نیلوکزون کا استعمال کیسے کرنا ہے۔ مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں